# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ ابلاغ عامہ)

### وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفیکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس اشتہاریات (9257/461) سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: بی اے / ایسوسی ایٹ ڈگری کریڈٹ: 3

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100

کامیابی کے نمبر (بی اے):40
کامیابی کے نمبر (اے ڈی):50

## امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ:1 تا4)

سوال نمبر1۔ اشتہار سے کیا مراد ہے؟ اشتہارات کی مختلف اقسام بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ اشتہاری کاپی کی تعریف اور کاپی رائٹر کے اوصاف تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ بین الاقوامی' قومی و مقامی اشتہارات کیا ہوتے ہیں؟ ان کی اقسام میں بنیادی فرق کیا ہے؟ (20)

سوال نمبر4۔ اشتہار بازی کے حوالے سے مختلف ذرائع ابلاغ کی خصوصیات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ اشتہاری مہم سے کیا مراد ہے؟ اشتہاری مہم کی کامیابی کے لیے ضروری اقدامات کیا ہیں؟ (20)

کل نمبر:100

کامیابی کے نمبر (بی اے):40
کامیابی کے نمبر (اے ڈی):50

## امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:5 تا9)

سوال نمبر1۔ ایڈورٹایزنگ کے عمل میں مختلف ذرائع ابلاغ کی اہمیت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ ٹریڈ مارک کی تعریف اور خصوصیات بیان کریں۔ ٹریڈ مارک کا انتخاب کیسے کیا جاتا ہے؟ (20)

سوال نمبر3۔ پاکستان میں اشتہار سازی کا آغاز اور ارتقا بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ پاکستان میں ایڈورٹایزنگ انڈسٹری کو درپیش مسائل بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ ترغیب سے کیا مراد ہے؟ اس کے معانی، مقاصد اور ترغیبی مہم کی حکمت عملی بیان کریں۔ (20)